## کارکنوں کی جانب سے یہی رائے سامنے آرہی ہے کہ ایم کیوایم اپوزیشن میں بیٹھے اوراپوزیشن میں بیٹھ کراپنامثبت کرداراداکرے۔الطاف حسین

## حکومت کوئی بھی بنائے ،ہم نہ تو حکومت کی راہ میں بلاجواز روڑے اٹکانے اورنہ ہی مسائل پیدا کرنے کاارادہ رکھتے ہیں

## رابطہ کمیٹی ہنگامی بنیادوں پرزونوں اورسیکٹروں کے کارکنوں کے اجلاس کرکے اس سلسلے میں حتمی رائے لیں

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔5 مارچ 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ آئندہ مخلوط حکومت میں شامل ہونے یااپوزیشن میں بیٹھنے کے بارے میں اب تک کارکنوں کی جانب سے یہی رائے سامنے آرہی ہے کہ ایم کیوایم اپوزیشن میں بیٹھے اوراپوزیشن میں بیٹھ کراپنامثبت کرداراداکرے۔انہوں نے یہ بات بدھ کی شام ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد،محمداشفاق،محمدانور، طارق میر، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیزآبادی،حق پرست سینیٹراحمدعلی اورسابق حق پرست صوبائی مشیراطلاعات حامدحسین عابدی شریک تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم ملک کی نازک صورتحال کوسامنے رکھتے ہوئے باربار اس بات کااعادہ کرتی رہی ہے کہ حکومت کوئی بھی بنائے ہم مخالفت برائے مخالفت پریقین نہیں رکھتے ، ہم نہ تو حکومت کی راہ میں بلاجواز روڑے اٹکانے پراورنہ ہی مسائل پیدا کرنے کاارادہ رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ہماراتعاون حکومت کودرپیش مشکلات میں آسانیاں پیدا کرنے کا سبب بن سکتا ہے تو ہم تعاون بھی پیش کرسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے یہی رائے سامنے آرہی ہے کہ ہمارے مثبت بیانات اورغیرمشروط تعاون کابارباراعادہ کرنے کے باوجود مخالف جماعتوں کے بعض رہنماایسے بیانات دے رہے ہیں جوایم کیوایم کے رہنماؤں، کارکنوں اورایم کیوایم کواپنا بھرپورمینڈیٹ دینے والے حق پرست عوام کی دل آزاری کا سبب رہے ہیں لہٰذااس صورتحال کی روشنی میں کارکنوں کی جانب سے یہی رائے سامنے آرہی ہے کہ ایم کیوایم اپوزیشن میں بیٹھے اوراپوزیشن میں بیٹھ کراپنامثبت کرداراداکرے۔ جناب الطاف حسین نے اجلاس کے توسط سے رابطہ کمیٹی کوہدایت کی کہ وہ ہنگامی بنیادوں پرایم کیوایم کے زونوں اورسیکٹروں کے کارکنوں کے اجلاس کرکے ان سے اس سلسلے میں حتمی رائے لیں تاکہ حکومت میں شامل ہونے یااپوزیشن میں بیٹھنے کے بارے میں کوئی فیصلہ کیاجاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ قوم اس حوالے سے ایم کیوایم کے فیصلے کابے چینی سے انتظار کررہی ہے لہٰذارابطہ کمیٹی اس سلسلے میں زونوں اورسیکٹروں کی رائے لیکرجلدہی حتمی فیصلہ کرے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جہاں تک ایم کیوایم کاتعلق ہے تواس نے ماضی میں بھی انتہائی کٹھن اورمشکل ادوارکوجھیلا ہے اورآج بھی دھونس اوردھمکی میں آنے والی جماعت نہیں ہے، ایم کیوایم حق پرست جماعت ہے جوحق اورسچ کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی تودے سکتی ہے لیکن کسی بھی قوت یاجماعت کے غلط مطالبات کے آگے سرنہیں جھکاسکتی۔

## عوام محترمہ فیروزہ بیگم اورذیشان قریشی کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔5مارچ2008ء۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سابق رکن سندھ اسمبلی اورلیاقت آبادٹاؤن کے ناظم اسامہ قادری کی والدہ محترمہ فیروزہ بیگم اورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کارکن ذیشان قریشی کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکرتے ہوئے ان کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جانب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ فیروزہ بیگم اورذیشان قریشی کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ محترمہ فیروزہ بیگم اورذیشان قریشی شدیدعلیل ہیں اورمقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹرمانسہرہ کالونی کے پختون کارکن عبدالخالق اوربلدیہ سیکٹر کے کارکن محمدشاہد کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔5،مارچ2008ء۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثہ میں ایم کیوایم لانڈھی سیکٹرمانسہرہ کالونی کے پختون کارکن عبدالخالق اورایم کیوایم بلدیہ سیکٹریونٹ 112 کے کارکن محمدشاہدولدعبداللہ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالخالق اورمحمدشاہدمرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم

میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالخالق اور محمد شاہد مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## لانڈھی سیکٹر مانسہرہ کالونی کے پختون کارکن عبدالخالق، سلیمہ بیگم اور شکیل احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔5، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر مانسہرہ کالونی کے کارکن عبدالخالق، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن محمد سلیم کی والدہ سلیمہ بیگم، ایم کیو ایم جامشورہ زون یونٹ 2 بی کے کارکن عدیل احمد کے والد شکیل احمد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیت بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ مکمل جمہوری جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، انور عالم
## ایم کیو ایم اقتدار میں ہو یا اپوزیشن میں تمام تر وسائل عوام کی خدمت کیلئے صرف کرتی رہے گی
## متحدہ اقلیتی عوام کی بے لوث خدمت جاری رکھے گی، نومنتخب اراکین اسمبلی اور دیگر کا عشائیے سے خطاب

کراچی۔۔۔5، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ مکمل جمہوری جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، متحدہ اقتدار میں ہو یا اپوزیشن میں تمام تر وسائل عوام کی خدمت کیلئے صرف کرتی رہے گی، ایم کیو ایم ملک میں بسنے والی تمام مذہبی اکائیوں کو برابری کی بنیاد پر تسلیم کرتی ہے اور ان کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے گزشتہ روز اقلیتی برادری کے اعزاز میں عشائیہ کی تقریب سے خطاب کے موقع پر کیا۔ اقلیتی برادری کے اعزاز میں عشائیہ کی تقریب کا انعقاد متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی کے تحت جمشید ٹاؤن کی ورکشاپ سے متصل لان میں کیا گیا تھا۔ جس میں میتھوڈسٹ چرچ کے بشپ بشیر ایل مل، مختلف مندروں کے مذہبی راہنماؤں کے علاوہ جمشید ٹاؤن کے رہائشی سینکڑوں مسیح، کرسچن، ہندو، سکھ اور پارسی عوام نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ تقریب میں حق پرست نومنتخب ارکان قومی و صوبائی اسمبلی وسیم اختر، عبدالرؤف صدیقی کے علاوہ جمشید ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم جاوید احمد، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلروں سمیت ایم کیو ایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قبل ازیں تقریب کا آغاز بشپ بشیر مل کی خصوصی دعائیہ کلمات سے ہوا۔ بعدازاں اپنے خطاب میں انور عالم نے کہا کہ ایم کیو ایم جمہوریت پسند جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اقلیتی برادری کے جائز حقوق کی بات کی ہے اور ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے اقلیتی برادری کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد جاری رکھی۔ انہوں نے اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اقلیتی برادری کو ایم کیو ایم کی شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اقتدار ایم کیو ایم کی منزل نہیں متحدہ اقتدار میں ہو یا اپوزیشن میں تمام تر وسائل عوام کی خدمت کیلئے صرف کرتی رہے گی۔ تقریب سے نومنتخب ارکان قومی و صوبائی اسمبلی وسیم اختر، عبدالرؤف صدیقی اور دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری نے حالیہ انتخابات میں جس طرح ایم کیو ایم کا ساتھ دیا ہے وہ ان کی قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم سے عقیدت و محبت کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین دیگر اقوام کے ساتھ ساتھ اقلیتی برادری کی ترقی و کامرانی چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم بلاتفریق رنگ و نسل عوام کے مسائل کے حل اور ان کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم اقلیتی عوام کی بے لوث خدمت جاری رکھے گی اور اقلیتی بستیوں کے ماحول کو تبدیل کرنے کیلئے ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ اپنی بھرپور کوششیں کرے گی۔ آخر میں پاسٹر عرفان ڈین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحتیابی تندرستی اور درازی عمر سمیت اختتامی دعا کرائی۔

☆☆☆☆☆☆